Anwar al-Sirah: International Research Journal for the Study of the Prophet Muhammad (PBUH)'s Biography
ISSN: 3006-7766 (online)and 3006-7758 (print)
Open Access: https://journals.iub.edu.pk/index.php/anwaralsirah/index
Published by: Seerat Chair, The Islamia University of Bahawalpur, Pakistan

مسند ابو یعلیٰ الموصلی کی روایاتِ سیرت کی استنادی حیثیت کا مطالعہ وجائزہ

Authenticity of Seerah Related Ahadith in Musnad Abu Ya'la Almawsili: A Critical Study

Hafiz Shafat Ali Sajjad
PhD Scholar, Department of Islamic Studies, Government College University, Faisalabad
Email: hafizshafatalisajjad@gmail.com

Dr. Yasir Arfat*
Chairman, Department of Islamic Studies, Government College University, Faisalabad
Email: yasirawan@gcuf.edu.pk

Abstract

The Seerah is a key source of information regarding the life of Prophet Muhammad (ﷺ). Ahadith (traditions) related to the Seerah, especially those included in the book Musnad Abu Ya'la, are an extremely important resource.This book contains a total of 7517 Ahadith,out of which 735 are directly related to Seerah.The present research article aims to examine the authenticity of the Seerah-related Ahadith from Musnad Abu Ya'la. The study will discuss the opinions of Hadith scholars to verify the authenticity of Ahadith, and it will also investigate the reliability of the narrators and the chains of transmission used in the compilation of the book.The study will explore the different categories of Ahadith and their strength.The findings of this study will contribute to a better understanding of the authenticity of the Seerah-related Ahadith in Musnad Abu Ya'la, and they will provide important insights for scholars, students, and researchers in the field of Islamic studies.

Keywords: Seerah, Ahadith, Musnad Abu Ya'la, Authenticity, Narrators, Chains, Transmission

تعارف:

امام ابو یعلیٰ الموصلیؒ (م 307ھ) کا شمار تیسری صدی کے عظیم محدثین میں ہوتا ہے، آپ کی ولادت موصل کے ایک عظیم علمی گھرانے میں 3 شوال 210ھ میں ہوئی۔ آپ کا سلسلہ نسب یوں ہے:

"ابو یعلیٰ احمد بن علی بن المثنیٰ بن یحییٰ عیسیٰ بن ہلال التمیمی الموصلی"(1)

آپ کے والد اور ماموں محمد بن احمد بن ابی المثنیٰؒ نے آپ کی تعلیم وتربیت میں خصوصی دلچسپی لی۔(2) اس کے علاوہ آپ کی بلند ہمتی بھی تھی کہ آپ صرف پندرہ سال کی عمر میں حصولِ علم کے لیے روانہ ہوئے۔(3) آپ نے اپنے دور کے عظیم المرتبت ائمہ حدیث سے اکتسابِ فیض کیا اور اس سلسلے میں بہت سے علاقوں کے علمی اسفار کیے۔ آپ کے اساتذہ اور شیوخ کی ایک طویل فہرست ہے، جس کا اندازہ آپ کی مرتب کردہ "المعجم" سے لگایا جا سکتا ہے، علامہ ارشاد الحق الاثری نے اس کتاب میں آپ کے شیوخ کی تعداد دو سو چوہتر (274) ذکر کی ہے۔ اس کتاب میں آپ نے اپنے شیوخ سے مروی روایات کو ان کے اسماء کے

---

* Email of corresponding author: yasirawan@gcuf.edu.pk

حروف تہجی کی ترتیب پر مرتب کیا ہے۔ آپ نے امام احمد بن حنبلؒ اور ان کے طبقے کے شیوخ سے بھی سماعِ حدیث کیا ہے۔(4)اسی طرح آپ نے علی بن الجعدؒ، غسان بن الربیعؒ، علی بن حمزہ المعولیؒ اور دیگر کبار محدثین سے بھی روایت کی ہے۔(5) آپ نے بغداد میں احمد بن الطویلؒ سے بھی سماع کیا ہے۔(6)اس وقت آپ کی عمر پندرہ سال تھی۔ آپ سے متعدد افراد نے اکتسابِ فیض کیا جن میں بڑے بڑے ائمہ اور محدثین شامل ہیں، جن میں چند ایک مشاہیر کے اسماء ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں:

(1)احمد بن شعیب بن علی النسائیؒ: آپ نے امام ابو یعلیٰؒ سے الکنی میں روایت کی ہے۔(7)

(2)ابو الفتح الازدیؒ۔(3)ابو علی الحسین بن محمدؒ۔(4)ابو عمرو بن حمدان الخیریؒ۔(5)الحافظ ابو زکریا یزید بن محمد الازدیؒ۔(6)ابو عبد اللہ احمد بن عدیؒ۔(7)ابو حاتم محمد بن حبانؒ۔(8)ابو بکر احمد بن محمد المعروف ابن السُنی۔ ان کے علاوہ کثیر تعداد نے آپ سے روایت کی ہیں۔

آپ فقہ میں امام ابو حنیفہؒ کے مقلد تھے۔(8) آپ نے امام ابو یوسفؒ کے شاگردوں سے فقہ کا علم حاصل کیا۔(9) آپ علم و عمل کے ساتھ ساتھ زہد و تقویٰ اور امانت و دیانت صدق و صفا جیسی عظیم صفات کے حامل تھے۔ علامہ ذہبیؒ آپ کی صداقت و امانت کے متعلق رقم طراز ہیں:

”قال یزید بن محمد الازدی کان ابو یعلی من اهل الصدق والامانة والدین والحلم“(10)

یزید بن محمد الازدیؒ فرماتے ہیں کہ ابو یعلیٰؒ اہلِ صدق، اہلِ امانت، اہلِ دین اور اہلِ حلم میں سے تھے۔

آپ کا شمار جلیل القدر حفاظ حدیث میں ہوتا ہے۔ مشہور ائمہ حدیث نے آپ کی جلالتِ علمی اور ضبط و عدالت کا اعتراف کیا ہے۔ امام سلمیؒ آپ کے علمی مقام کے متعلق کہتے ہیں:

”سالت دار قطنی عن ابی یعلی فقال ثقة مامون “(11)

میں نے دار قطنیؒ سے امام ابو یعلیٰؒ کے بارے میں پوچھا (کہ ان کا علمِ حدیث میں مقام کیا ہے) تو انہوں نے جواب دیا وہ ثقہ اور مامون ہیں۔

علامہ ابن کثیرؒ آپ کی ثقاہت کے متعلق رقم طراز ہیں:

”وکان حافظاً کثیراً ، حَسَن التصنیف ، عدلاً فیما یرویه ، ضابطاً لما یحدث “(12)

اور (امام ابو یعلیٰ الموصلیؒ) بہترین حافظ الحدیث، عمدہ تصانیف والے اور اپنی مرویات میں عادل و ضابط تھے۔

آپ نے گراں قدر علمی ورثہ چھوڑا ہے۔ آپ کی تصانیف میں:

1: المسند الکبیر ۔2: المفاريد عن رسول اللهﷺ ۔3: الفوائد ۔4: الزهد والرقاق ۔5 : کتاب التفسیر ۔6:المعجم ۔ 7:حدیث محمد بن بشار بندار عن شیوخه ۔8: المسند الصغیر المعروف للامام ابی یعلیٰ الموصلی ۔ جیسی عظیم کتب شامل ہیں۔

آپ کی وفات 14 جمادی الاولیٰ 307ھ میں ہوئی۔(13)

مسند ابو یعلیٰ الموصلی کا تعارف و جائزہ:

حدیثِ نبوی کے دیگر مصادر کی طرح مسند ابو یعلیٰ الموصلی بھی ایک اہم مصدر رہے۔ علمِ حدیث میں سند اور متن کے اعتبار سے یہ کتاب بہت اہمیت کی حامل ہے۔

اس کتاب کا اصل نام"المسند الصغیر المعروف المسند للامام ابی یعلی الموصلی "ہے۔

امام ابویعلیٰ الموصلیؒ(م307ھ)نے اپنی اس مسند میں دوسو تیرہ صحابہ کرام کی سات ہزار پانچ سو سترہ(7517)مرویات کا ذکر کیا ہے۔ان مرویات کو مسانید صحابہ پر مرتب کیا ہے۔مبہم رواۃ کی مسانید کو الگ عنوان سے ذکر کیا ہے۔آپ نے ثلاثی روایات کو بھی کتاب کی زینت بنایا ہے۔(14)اس کی شہادت امام ابن حبانؒ کے قول سے بھی ملتی ہے۔(15)

ضعیف روایات:

"ضعیف " ایسی حدیث کو کہا جاتا ہے جس میں صحیح اور حسن کی صفات موجود نہ ہوں ۔(16)امام ابو یعلیٰؒ کی روایت کردہ سات ہزار پانچ سو سترہ (7517)روایات میں سے سیرت سے متعلق روایات کی تعداد سات سو پینتیس(735)ہے۔ان میں سے صرف چھتیس(36)روایات ضعیف کے درجہ پر ہیں۔ جن کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے:

1:"قرآن مجید کے 24رمضان المبارک کو نازل ہونے کے متعلق "روایت(2187) نقل کی جاتی ہے:

" حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ : أَنْزَلَ اللهُ صُحُفَ إِبْرَاهِيمَ فِي أَوَّلِ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ ...وَأُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَى مُحَمَّدٍﷺ فِي أَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ"(17)

(حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیمؑ پر ماہِ رمضان کی پہلی رات میں صحیفہ نازل کیا گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل کی گئی جب رمضان کے چھ دن گزر گئے، حضرت داؤد علیہ السلام پر زبور نازل کی گئی جب رمضان کی گیارہ راتیں گزر گئیں، قرآن حکیم حضرت محمد ﷺ پر نازل کیا گیا جب رمضان شریف کے چوبیں(24)دن گزر گئے تھے)

اس روایت کو علامہ ابن حجرؒ نے "المطالب العالیۃ"میں رقم الحدیث(3493)کے تحت ذکر کیا ہے۔آپ اس روایت کے متعلق رقم طراز ہیں:

"هذامقلوب ، وانما هو عن واثلة ، فيُحَرَّر "(18)

اس سند میں قلب ہے یہ واثلہ سے تھی پھر اس کے نام کو بدل دیا گیا۔اس کو تحریر(اصلاح)کرلیں۔

علامہ ابن حجرؒ مزید کہتے ہیں:

"عبدالله بن ابی حميد متروك ، سفيان بن وكيع ضعيف "(19)

عبداللہ بن ابی حمید متروک ہے،سفیان بن وکیع ضعیف ہے۔

اس روایت کے متعلق علامہ ہیثمیؒ کہتے ہیں:

"رواه ابو يعلىٰ وفيه سفيان بن وكيع وهو ضعيف " (20)

ابو یعلیٰ نے اس کو روایت کیا،اس(کی سند)میں(راوی)سفیان بن وکیع ضعیف ہے۔

ان دو محققین کی صراحت سے معلوم ہوا کہ یہ روایت درجہ ضُعف میں ہے۔

2:"مدینہ میں مسجد کی تعمیر" کے متعلق روایت(4863)ذکر کی گئی ہے۔

"عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:لَمَّا أَسَّسَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَسْجِدَ الْمَدِينَةِ ...فَسُئِلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَنْ ذَلِكَ ؟ فَقَالَ: هَذَا أَمْرُ الْخِلَافَةِ مِنْ بَعْدِي"(21)

(سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے جب مدینہ میں مسجد کی بنیاد رکھی تو آپ ﷺ کے پاس ایک پتھر لایا گیا، آپ نے اس کو رکھا، حضرت ابو بکر صدیقؓ ایک پتھر لائے۔ آپ نے اس کو رکھا، (پھر) حضرت عمرؓ پتھر لے کر آئے، آپ نے اس کو رکھا، (پھر) حضرت عثمانؓ پتھر لے کر آئے، آپ ﷺ نے اس (پتھر) کو رکھا۔ سیدتنا عائشہؓ کہتی ہیں کہ اس کے متعلق رسول اکرم ﷺ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: میرے بعد خلافت کا معاملہ اسی طرح ہو گا)

اس روایت کو علامہ ابن حجرؒ نے "المطالب العالیۃ" میں (3841) کے تحت بھی ذکر کیا ہے۔ اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی روایت کیا ہے، آپ اس روایت کی سند کے بارے میں کہتے ہیں:

"رواہ ابو یعلی ، عن العوام بن الحوشب ، عمن حدثه عن عائشه ،ورجاله رجال الصحیح غیر التابعی فانه لم یسم "(22)

ابو یعلیٰ نے یہ روایت حوشب بن عوام سے روایت کی ہے اس شخص سے جس نے حوشب کو حضرت عائشہ سے بیان کیا، اس (سند) کے تمام روات صحیح کے روات ہیں، سوائے تابعی کے، کیوں کہ اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

اس روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سماع وروایت کرنے والے تابعی کا نام ذکر نہیں کیا گیا اس لیے اس روایت کو درجہ صحت میں شمار نہیں کیا گیا۔

3: "فتح مکہ کے دن آپ ﷺ کا کعبہ کے دروازہ پر آنا" کے متعلق روایت (5649) ذکر کی گئی ہے۔

"عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ :قَامَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى دَرَجَةِ الْكَعْبَةِ يَوْمَ الْفَتْحِ فَقَالَ :الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَ وَعْدَهُ، ... فَإِنِّي أُمْضِيهِمَا لِأَهْلِهِمَا كَمَا كَانَا" (23)

(سیدی ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ فتح مکّہ کے دن کعبہ شریف (کے دروازہ) کی سیڑھی پر چڑھے اور فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنے وعدہ کو سچ کیا، اپنے بندہ کی مدد فرمائی، اکیلے ہی (سارے) لشکر بھگا دیئے، خبر دار! قتلِ عمد خطا کوڑے کے ساتھ اور عمدِ عصا (جان بوجھ کر قتل) کے ساتھ سو اونٹ بطور دیت ہیں، ان میں سے چالیس وہ جداا بھی اپنی اولاد کے پیٹ میں ہیں، خبر دار! جاہلیت کے ہر خون اور وہ میرے ان دو قدموں کے نیچے ہیں)

مذکورہ روایت کی سند میں راوی علی بن زید کے متعلق علامہ ابن حجر العسقلانیؒ کہتے ہیں:

"وفی اسنادہ علی بن زید بن جدعان وهو ضعیف "(24)

اس کی سند میں علی بن زید بن جدعان ضعیف ہے۔

علامہ ابن حجرؒ راوی کے ضعیف ہونے کی وجہ بیان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"وهو المعروف بعلی بن زید بن جدعان ینسب ابوہ الی جدّ جدّہ ضعیف من الرابعة مات سنة احدیٰ وثلثین وقیل قبلها "(25)

یہ علی بن زید بن جدعان سے معروف ہے اس کے باپ کی نسبت اس کے دادا کے دادا کی طرف کی جاتی ہے، یہ ضعیف ہے رواۃ کے چوتھے طبقہ سے تعلق رکھتا ہے، اس کی وفات 31ھ میں ہوئی، اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے پہلے ہوئی۔

مذکور روایت کی سند میں راوی علی بن زید بن جدعان کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار ہو گی۔

4: "آپ ﷺ کا فتح مکّہ کے دن حضرت زبیر کو جھنڈا گاڑنے کا حکم دینا" کے تحت روایت (6680) درج کی گئی ہے۔

" عَنْ جَدِهَا الزُّبَيْرِ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَنَّهُ أَعْطَاهُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ لِوَاء سَعْدِ بْنِ عِبَادَةَ، فَدَخَلَ الزُّبَيْرُ مَكَّةَ بِلِوَاء يْنِ"(26)

(حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ان کو فتح مکّہ کے دن حضرت سعد بن عبادہؓ کا جھنڈا دیا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ دو جھنڈوں کے ساتھ مکّہ میں داخل ہوئے)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس کی سند کے متعلق کہتے ہیں:

"وفيه محمد بن الحسن بن زبالة وهو ضعيف جدا "(27)

اس (روایت) کی (سند) میں محمد بن حسن بہت زیادہ ضعیف ہے۔

اس روایت کی سند میں راوی محمد بن حسن بن زبالہ کے بارے میں ضُعفِ شدید کا قول موجود ہے اس لیے ان کی روایت بھی شدید ضعیف متصور ہو گی۔

6: "حضور ﷺ کا فتح مکّہ کے دن حضرت خالد بن ولید کو بت توڑنے کا حکم" کے تحت روایت (898) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ :لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَكَّةَ بَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ إِلَى نَخْلَةٍ، وَكَانَتْ بِهَا الْعُزَّى،...فَعَمَّمَهَا بِالسَّيْفِ حَتَّى قَتَلَهَا، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَأَخْبَرَهُ، قَالَ : تِلْكَ الْعُزَّى "(28)

مذکورہ روایت کا مفہوم یہ کہ جناب ابو طفیلؓ فرماتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے جب مکّہ فتح کیا تو حضرت خالد بن ولیدؓ کو عزیٰ کے خاتمے کے لیے روانہ کیا۔ حضرت خالد بن ولیدؓ نے اس کا خاتمہ کر دیا۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس کی سند کے متعلق کہتے ہیں:

"وفيه يحيٰ بن المنذروهو ضعيف "(29)

اس کی (سند) میں یحییٰ بن منذر ضعیف ہے۔

درج بالا روایت کی سند میں راوی یحییٰ ابن منذر پر ضعف کا حکم ہونے کی بناء پر روایت ضعیف ہے۔

6: "آپ ﷺ کا طائف کا محاصرہ کرنا" کے متعلق روایت (856) ذکر کی گئی ہے۔

" عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: لَمَّا افْتَتَحَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَكَّةَ انْصَرَفَ إِلَى الطَّائِفِ، فَحَاصَرَهَا تِسْعَ عَشْرَةَ...قَالَ: فَرَأَى النَّاسُ أَنَّهُ أَبُو بَكْرٍ أَوْ عُمَرُ فَأَخَذَ بِيَدِ عَلِيَّ فَقَالَ: هَذَا هُوَ"(30)

(حضرت عبد الرحمٰن بن عوفؓ فرماتے ہیں: جب مکّہ فتح ہوا تو رسول پاک ﷺ طائف کی طرف چلے گئے اور اس کا محاصرہ سترہ یا اٹھارہ دن تک کیا لیکن طائف فتح نہ ہو سکا، پھر صبح یا شام پھر اُتر آئے، پھر اس کو چھوڑ دیا۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہارا حوض کوثر پر انتظار کروں گا، میں تمہیں اپنی اولاد کے متعلق اچھی

وصیت کرتا ہوں، بے شک تم سے حوض کا وعدہ کرتا ہوں، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! تم نماز ادا کرو، زکوۃ کی ادائیگی کرو، میں ان کی طرف سے اپنی طرف سے ایک آدمی بھیجوں گا، وہ اُن کی گردنیں اڑا دے گا اور ان کے بچوں کو قید کرلے گا، لوگوں نے خیال کیا کہ (وہ آدمی) حضرت ابو بکرؓ یا حضرت عمرؓ ہوں گے، پس آپ ﷺ نے حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: یہ وہ (آدمی) ہے)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کی سند کے متعلق کہتے ہیں:

"رواه ابو يعلىٰ وفيه طلحه بن جبر وثقه ابن معين فى رواية وضعفه الجوزجانى ، وبقية رجاله ثقات "(31)

اس کو ابو یعلیٰؒ نے روایت کیا، اس (کی سند) میں طلحہ بن جبر ہے، ابن معین نے ایک روایت کے مطابق اس کی توثیق کی ہے اور جوزجانی نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے، اس کے باقی رجال ثقہ ہیں

درج بالا روایت کی سند میں طلحہ بن جبر پر ضُعف کا حکم ہونے کی وجہ سے روایت ضعیف متصور ہو گی۔

8: "غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عثمانؓ کا سات اوقیہ سونا لانا" کے تحت روایت (849) نقل کی جاتی ہے۔

"عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّهُ شَهِدَ ذَلِكَ حِينَ أَعْطَى عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ مَا جَهَزَ بِهِ جَيْشَ الْعُسْرَةِ، وَجَاءَ بِسَبْعِ مِائَةِ أُوقِيَّةِ ذَهَبٍ"(32)

(عبد الرحمن بن عوفؓ کہتے ہیں کہ وہ اس بات کے گواہ ہیں جس وقت سیدنا عثمانؓ نے غزوہ تبوک کے لیے رسول کریم ﷺ کو دینے کے لیے سامان تیار کیا تو عثمان غنیؓ سات اوقیہ سونا لے کر آئے تھے)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس کی سند میں راوی ابراہیم بن عمر کے متعلق کہتے ہیں:

"وفيه ابراهيم بن عمر بن ابان ،وهو ضعيف "(33)

اس (روایت) کی (سند) میں ابراہیم بن عمر بن ابان ضعیف ہے۔

مذکورہ روایت کی سند میں ابراہیم بن عمر کی وجہ سے اسے درجہ ضُعف میں شمار کیا گیا ہے۔

7: "حضرت اُمِ سلمہ کا حق مہر" کے تحت روایت (3372) ذکر کی جاتی ہے۔

"عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ عَلَى مَتَاعٍ قِيمَتُهُ عَشَرَةُ دَرَاهِمَ"(34)

(حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت اُمِ سلمہؓ کے ساتھ اس سامان پر شادی کی جس کی قیمت دس درہم تھی)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس کی سند میں راوی حکم بن عطیہ کے متعلق کہتے ہیں:

"وفيه الحكم بن عطيه وهو ضعيف "(35)

اس کی سند میں حکم بن عطیہ ضعیف ہے۔

مذکورہ روایت کی سند میں حکم بن عطیہ کی وجہ سے ضُعف کا حکم لگایا گیا ہے۔

8: "شفاعت گناہِ کبیرہ کرنے والوں کے لیے ہے" کے متعلق روایت (4091) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ أَنَسٍ، اَنَ رَسُولُ اللّٰہِﷺ قَالَ: شَفَاعَتِي لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ امتی"(36)

(رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہوں والوں کے لیے ہے)

اس روایت کے متعلق علامہ اثری، علامہ ابن کثیرؒ کے حوالے سے کہتے ہیں:

"فیه صالح المری والرقاشی ، وهما ضعیفان "(37)

اس (کی سند) میں صالح المری اور (یزید) الرقاشی دونوں ضعیف ہیں۔

علامہ ابن کثیرؒ نے اس روایت کو "النھایۃ" میں جلد دوم، ص:177 کے تحت ذکر کیا ہے۔(38) اس کے بعد علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں:

"ثم قال :لم یروہ عن ثابت الا الخزرج بن عثمان وهکذا روی ابو یعلیٰ من طریق یزید الرقاشی عن انس بن مالک عن النبیﷺ ، انه قال"(39)

پھر انہوں نے کہا: اس (روایت) کو روایت نہیں کیا ثابت سے، مگر خزرج بن عثمان نے اور اسی طرح روایت کیا ہے ابو یعلیٰؒ نے یزید رقاشی کے طریق سے، حضرت انس بن مالک سے انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے، بے شک آپ نے فرمایا:

مذکورہ روایت علامہ ابن کثیرؒ کے قول کی بناء پر درجہ ضعف میں شمار ہوگی۔

10: "شفاعت گناہِ کبیرہ کرنے والوں کے لیے ہے" کے متعلق روایت (4288) ذکر کی گئی ہے۔

" قَالَ أَبو جَنَابِ : ... أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ ، وَحَلَفَ بِاللّٰهِ الَّذِی لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّﷺ يَقُولُ: الشَّفَاعَةُ لِاهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي"(40)

نقل کردہ روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔

اس روایت کے متعلق علامہ اثری کہتے ہیں:

" فیه زیاد النمیری وهو ضعیف ، وابو جناب الکلبی ایضاً ضعیف "(41)

اس روایت کی سند میں زیاد النمیری ضعیف ہے اور ابو جناب الکلبی بھی ضعیف ہے۔

درج شدہ روایت کو زیاد النمیری اور ابو جناب الکلبی کی وجہ سے درجہ ضُعف میں شمار کیا گیا ہے۔

11: "سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹانا" کے متعلق روایت (4116) ذکر کی گئی ہے۔

"أَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ فَيُفْتَحُ بَابٌ مِنْ ذَهَبٍ وَحِلَقَةُ مِنْ فِضَّةٍ،...وَقُلْ يُسْمَعُ، وَاشْفَعْ تُشَفَعْ، فَأَقُولُ: أُمَّتِي...الی آخرہ(42)

مذکورہ روایت مطابق رسول مکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے جنت کا دروازہ کھٹکھٹا کر سجدہ کروں گا تو مجھے کہا جائے گا شفاعت کیجئے! جس کے دل میں رائی کے بربر بھی ایمان ہے۔ میں دوبارہ سجدہ کروں گا تو یہی حکم ہو گا۔ میں تیسری مرتبہ سجدہ کروں گا اور عرض کروں گا: میری امت؟ مجھے کہا جائے گا: وہ آپ ﷺ کا ہے، جس نے "لا الہ الا اللہ" اخلاص سے پڑھ لیا۔

اس روایت کو حافظ ابن حجرؒ نے "المطالب العالیۃ" میں رقم الحدیث (4650) کے تحت ذکر کیا ہے۔ اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس کی سند کے متعلق کہتے ہیں:

”وفیہ یزید الرقاشی وھو ضعیف “(43)

اس کی (سند) میں یزید الرقاشی ضعیف ہے۔

درج بالا روایت کی سند میں یزید رقاشی کے ضعیف ہونے کی وجہ سے روایت درجہ ضُعف میں شمار ہو گی۔

12:”حوض کوثر کی چوڑائی اور برتنوں کی تعداد“ کے متعلق روایت (4085) ذکر کی گئی ہے۔

”عن انس سمعت رسول اللهﷺ يقول : إِنَّ لِي حَوضًا عَرْضُهُ كَمَا بَيْنَ أَيْلَةَ إِلَى الْكَعْبَةِالی آخره“(44)

(آپ ﷺ نے فرمایا: میرے حوض کی چوڑائی ایلہ سے لے کر کعبہ کے درمیان ہے، یا یہ فرمایا: کہ صنعاء تک ہے۔ اس کی سفیدی دودھ سے بھی زیادہ ہے، اس کی مٹھاس شہد سے زیادہ ہے۔ اس کے برتنوں کی تعداد آسمان کے ستاروں کے برابر ہے۔ جس نے اس (حوض) کو جھٹلایا، وہ اس (حوض) سے (پانی) نہیں پی سکے گا)

مذکورہ روایت کی سند کے متعلق علامہ ارشاد الحق الاثری رقم طراز ہیں:

”وفی اسنادہ یزید الرقاشی وھو ضعیف “(45)

اس (روایت) کی سند میں یزید الرقاشی ضعیف ہے۔

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ راوی کے ضعیف ہونے کی وجہ کے متعلق رقم طراز ہیں:

”یزید بن ابان الرقاشی بتخفیف القان ثم معجمة ابو عمرو البصری القاص بتشدید المھملة زاھد ضعیف من الخامسة ومات قبل سنة عشرین ومائة “(46)

یزید بن ابان الرقاشی قاف کی تخفیف کے ساتھ اس کے بعد ش معجمہ ہے، ابو عمرو بصری قاف کی تشدید کے ساتھ، زاہد ہے، ضعیف ہے۔ پانچویں طبقہ سے ہے اور ایک سو بیس ھ سے پہلے فوت ہوا۔

مذکورہ روایت کو علامہ ابن حجرؒ کی تصریح کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار کیا گیا ہے۔

13:”حضرت قتادہ کی آنکھ کو اسی جگہ گاڑنے“ کے متعلق روایت (1546) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، أَنَّهُ أُصِيبَتْ عَيْنُهُ يَوْمَ بَدْرٍ،... فَأَرَادُوا أَنْ يَقْطَعُوهَا فَسَأَلَ النَّبِيَّﷺ فَقَالَ: لَا فَدَعَا بِهِ فَغَمَزَ حَدَقَتَهُ بِرَاحَتِهِ، فَكَانَ لَا يَدْرِي أَيَّ عَيْنَيْهِ أُصِيبَتْ!(47)

مذکورہ روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ غزوہ بدر میں جناب قتادہ بن نعمانؓ آنکھ پر (تیر) لگا تو وہ (آنکھ) بہہ گئی، انہوں نے جب نبی کریم ﷺ سے عرض کی تو آپ نے اس کے لیے دعا کی اور اس (آنکھ) کو اسی جگہ رکھ دیا، اس کے بعد قتادہ کی آنکھ میں کبھی تکلیف نہیں ہوئی۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے ”مجمع الزوائد“ میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کے متعلق کہتے ہیں:

”وفی اسناد ابو یعلیٰ یحییٰ بن عبدالحمیدالحمانی وھو ضعیف “(48)

ابو یعلیٰ کی (سند) میں یحییٰ بن عبد الحمید الحمانی ضعیف ہے۔

اس روایت کی سند میں یحییٰ بن عبد الحمید الحمانی کی وجہ سے ضُعف کا حکم لگایا گیا ہے۔

14:”لعابِ دہن کی برکت“ کے تحت روایت (1547) ذکر کی گئی ہے۔

"عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنْ جَدِهِ، قَالَ: أُصِيبَتْ عَيْنُ أَبِي ذر يَوْمَ أُحَدٍ فَبَزَقَ فِيهَا النَّبِيُّ ﷺ،فَكَانَتْ أَصَحَ عَيْنَيْهِ"(49)

مذکورہ روایت کا مفہوم یہ کہ سیدنا ابوذرؓ کی آنکھ کو اُحد کے دن چوٹ آگئی، نبی کریم ﷺ نے اپنا لعاب مبارک لگایا، وہ آنکھ پہلے سے زیادہ بہتر ہوگئی۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے۔ آپ اس روایت کی سند کے متعلق کہتے ہیں:

"وفيه عبدالعزيز بن عمران وهو ضعيف "(50)

اس کی (سند) میں عبد العزیز بن عمران ضعیف ہے۔

مندرج روایت عبد العزیز بن عمران کی وجہ سے درجہ ضُعف میں شمار ہوگی۔

15: "حضور ﷺ کا سفر معراج کے موقع پر مقامِ روحاپر ستر انبیاء کو دیکھنا" کے تحت روایت (4259) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قال : قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ : لَقَدْ مَرَّ بِالصَّخْرَةِ مِنَ الرَّوْحَاءِ سَبْعُونَ نَبِيًّا حُفَاةٌ عَلَيْهِمُ الْعَبَاءَةُ، يَؤُمُّونَ بَيْتَ اللَّهِ الْعَتِيقَ مِنْهُمْ مُوسَى نَبِيُّ اللَّهِ صلى الله عليه "(51)

مندرجہ بالا روایت کا مفہوم یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے روحاء کے مقام پر ستر انبیاء کرامؑ کو گزرتے ہوئے دیکھا۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کے متعلق کہتے ہیں:

"وفيه سعيد بن ميسره وهو ضعيف "(52)

اس کی (سند) میں سعید بن میسرہ ضعیف ہے۔

یہ روایت سعید بن میسرہ کی وجہ سے ضعیف متصور ہوگی۔

16: "حضور نبی کریم ﷺ کا اپنے بالوں کی مانگ نکالنا" کے تحت روایت (4559) ذکر کی گئی ہے۔

"عن عائشة قالت : كنت اذا اردت ان افرق رسول اللهﷺ ، صدعت الفرق من يافوخه وارسلت ناصيته بين كتفيه "(53)

(حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: میں جب رسول اکرم ﷺ کی مانگ نکالنے کا ارادہ کرتی تو بالوں کے دو حصے کرتی اور پیشانی کے بال دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑ دیتی)

اس روایت کے متعلق علامہ اثری کہتے ہیں:

"وفي شيخ ابى يعلى ضعف "(54)

اس کی (سند) میں ابو یعلیؒ کے شیخ میں ضعف ہے۔

یہ روایت امام ابو یعلیؒ کے شیخ کے ضعیف ہونے کی وجہ سے درجہ ضُعف میں شمار ہوگی۔

17: "آپ ﷺ کا سیدنا علی المرتضیؓ کو ابوتراب کہنا" کے تحت روایت (524) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ عَلِي قَالَ: طَلَبَنِي رَسُولُ اللهِ ﷺ فَوَجَدَنِي فِي جَدْوَلٍ نَائِمًا، فَقَالَ: قُمْ مَا أَلُومُ النَّاسَ يُسَمُّونَكَ أَبَاتُرَابٍ، ... وَحُوسب بِمَا عَمِلَ فِي الْإِسْلَامِ"(55)

نقل کردہ روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول محتشم ﷺ نے ایک مرتبہ حضرت علیؓ کو نرم ریت پر دیکھا تو انہیں ابوتراب کہہ کر پکارا۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کے متعلق کہتے ہیں:

" وفیه زکریا الاصبهانی وهو ضعیف "(56)

اس کی (سند) میں زکریا اصبہانی ضعیف ہے۔

گزشتہ روایت زکریا اصبہانی کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار ہو گی۔

18: "آپ ﷺ کا مریض کی عیادت کے لیے جانا" کے تحت روایت (1805) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ، قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَرِيضًا وَأَنَا مَعَهُ ، فَرَآهُ يُصَلِّي وَيَسْجُدُ عَلَى وِسَادَةٍ،... ، وَاجْعَلِ السُّجُودَ أَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوعِ "(57)

مذکورہ بالا روایت کا مفہوم یہ کہ ایک مرتبہ نبی رحمت ﷺ ایک مریض کی تیمارداری کے لیے تشریف لائے تو وہ اپنے تکیہ پر سجدہ کر رہا تھا، آپ ﷺ نے اس کو تکیہ پر سجدہ کرنے سے منع کیا اور زمین پر سجدہ کرنے کا حکم دیا۔

اس روایت کی سند کے متعلق علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں:

" وفی اسناد ابی یعلیٰ حفص بن ابی داؤدالقاری صاحب عاصم ویقال له حفیص متروک الحدیث مع امامته فی القراة "(58)

اس کی (سند) حفص بن ابی داوٗد کے متروک ہونے کی وجہ سے (روایت) ضعیف ہے۔ باوجود اس کے کہ یہ قرات میں امام ہیں۔

علامہ ابن حجرؒ ان کی وفات کے بارے میں کہتے ہیں:

" من الثامنة مات سنة ثمانین وله تسعون "(59)

اسّی (80ھ) میں ان کا وصال ہوا اور نوے (90) سال عمر پائی۔

یہ روایت حفص بن ابی داوٗد کے متروک ہونے کی وجہ سے درجہ ضُعف میں شمار ہو گی۔

19: "حضور ﷺ کا حضرت جعفر کے ساتھ معانقہ کرنا" کے تحت روایت (1871) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ جَابِرٍ قَالَ : لَمَّا قَدِمَ جَعْفَرٌ مِنَ الْحَبَشَةِ عَانَقَهُ النَّبِيُّ ﷺ "(60)

(حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ حبشہ سے آئے تو نبی کریم ﷺ نے ان کے ساتھ معانقہ کیا)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کے متعلق کہتے ہیں:

" فیه مجالد بن سعید وهو ضعیف وقد وثق ، وبقیة رجاله رجال الصحیح "(61)

اس کی (سند) میں مجالد بن سعید ضعیف ہے اور اس کی توثیق بھی کی گئی ہے، اور باقی تمام رجال صحیح ہیں۔

یہ روایت مجالد بن سعید کے ضُعف کی وجہ سے ضعیف شمار ہو گی۔

20: "حضور ﷺ کا اپنے نواسوں کے ساتھ محبت" کے تحت روایت (3415) ذکر کی گئی ہے۔

"عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَسْجُدُ فَيَجِيءُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ فَيَرْكَبُ عَلَى ظَهْرِهِ،... فَيَقُولُ: ارْتَحَلَنِي ابْنِي ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَعْجَلَهُ"(62)

درج شدہ روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک رسالت مآب ﷺ حالتِ سجدہ میں تھے، حضرت حسن اور حضرت حسینؓ آئے اور آپ ﷺ کی پشت پر سوار ہو گئے تو آپ ﷺ نے سجدہ کو لمبا کیا۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کی سند کے متعلق کہتے ہیں:

" فيه محمد بن ذكوان وثقه ابن حبان وضعفه غيره،وبقية رجاله رجال الصحيح "(63)

اس کی (سند) میں محمد بن ذکوان ہے ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے، اور ان کے غیر نے ان کو ضعیف کہا ہے، اور اس کے باقی رجال صحیح کے رجال ہیں۔

اس روایت کو محمد بن ذکوان کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار کیا گیا ہے۔

21: "آپ ﷺ کی عام بچوں کے ساتھ محبت" کے تحت روایت (3969) ذکر کی گئی ہے۔

" قَالَ انس: إِنْ كَانَتِ الْوَلِيدَةُ مِنْ وَلَائِدِ الْمُسْلِمِينَ ، لتجيء فَتَأْخُذُ بِيَدِ رَسُولِ اللهِ ﷺ ، فَمَا يَنْزِعُ يَدَهُ مِنْ يَدِهَا، حَتَّى تَذْهَبَ بِهِ حَيْثُ شَاءَتْ"(64)

(حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کی ایک چھوٹی سی بچی تھی، وہ آتی اور رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ پکڑتی، آپ ﷺ اس سے ہاتھ کھینچتے نہیں تھے یہاں تک کہ وہ آپ ﷺ کو جہاں چاہتی لے جاتی)

درج شدہ روایت کی سند میں راوی علی بن زید کے متعلق علامہ ابن حجرؒ رقم طراز ہیں:

"و فی اسناده علی بن زید، وفهو ضعيف"(65)

اس (روایت) کی سند میں علی بن زید ضعیف ہے۔

آپ علی بن زید کے ضعیف ہونے کے متعلق رقم طراز ہیں:

"وهو المعروف بعلی بن زيد بن جدعان ينسب ابوه الی جدّ جدّه ضعيف من الرابعة مات سنة احدیٰ وثلثين وقيل قبلها "(66)

یہ علی بن زید بن جدعان سے معروف ہے، اس کے باپ کی نسبت اس کے دادا کے دادا کی طرف کی جاتی ہے، یہ ضعیف ہے، رواۃ کے چوتھے طبقہ سے تعلق رکھتا ہے، اس کی وفات 31ھ میں ہوئی، اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے پہلے ہوئی۔

یہ روایت علی بن زید بن جدعان کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار ہو گی۔

22: "آپ ﷺ کی حضرت انسؓ سے شفقت" کے تحت روایت (3616) ذکر کی گئی ہے۔

" فَمَا قَالَ لِي لِشَيْء يَكْرَهُهُ: مَا صَنَعْتَ؟ وَمَا قَالَ لِشَيْءٍ يُعْجِبُهُ : مَا أَحْسَنَ مَا صَنَعْتَ"(67)

(آپ ﷺ نے مجھے کبھی نہیں کہا جو آپ نے ناپسند کیا کہ تُو نے یہ کیوں کیا؟ اور نہ کسی ایسی چیز کے جو آپ کو پسند ہوتی کہ کتنا اچھا تھا، تو (یہ) کر لیتا)

اس روایت کی سند میں راوی سفیان بن وکیع کے متعلق علامہ اثری کہتے ہیں:

" فی اسنادہ سفیان بن وکیع ، وفیہ ضعف"(68)

اس روایت کی سند میں سفیان بن وکیع ضعیف ہے۔

یہ روایت سفیان بن وکیع کے ضُعف کی وجہ سے ضعیف متصور ہوگی۔

23:"آپ ﷺ کا سفر پر روانگی کے وقت دعا مانگنا" کے تحت روایت (2762) ذکر کی گئی ہے۔

"عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمْ يُرِدْ رَسُولُ اللهِ ﷺ سَفَرًا قَطُّ إِلَّا قَالَ حِينَ يَنْهَضُ مِنْ جُلُوسِهِ :(اللَّهُمَّ بِكَ انْتَشَرْتُ، وَإِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ ... لِلْخَيْرِحَيْثُ مَاتَوَجَّهْتُ)قَالَ:ثُمَّ يَخْرُجُ"(69)

مندرجہ بالا روایت میں رسول اللہ ﷺ کے سفر پر روانہ ہونے سے پہلے کی دعا کا ذکر کیا گیا ہے۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ سند میں راوی عمر بن مساور کے متعلق کہتے ہیں:

" وفیہ عمربن مساور، وھو ضیعف"(70)

اس روایت کی سند میں عمر بن مساور ضعیف ہے۔

یہ روایت عمر بن مساور کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار ہوگی۔

24:"آپ ﷺ کا کدو شریف کا پسند کرنا" کے تحت روایت (4261) ذکر کی گئی ہے۔

"سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: قرِبَت إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ صَحْفَةٌ فِيهَا قَرْع، وَكَانَ يُعْجِبُهُ ...فَلَمَّا قَامَ قَالَ لِبَعْضِ الْقَوْمِ: لَوْ أَمَرْتُمْ هَذَا أَنْ يَدَعَ هَذِهِ الصُّفْرَةَ"(71)

مذکورہ روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سلم العلویؒ فرماتے ہیں کہ میں نے سیدی انسؓ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول معظم ﷺ کے پاس (ایک پیالہ) لایا گیا اس میں کدو تھا، آپ کدو کو پسند کرتے تھے اور آپ ﷺ زرد رنگ کو ناپسند کرتے تھے۔

مذکورہ روایت کی سند میں راوی سلم بن قیس کے متعلق علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں:

" وفیہ سلم بن قیس العلوی البصری ضیعف من الرابعة"(72)

اس روایت کی سند میں سلم بن قیس العلوی البصری ضعیف ہے، اس کا شمار (رواۃ کے) چوتھے طبقہ میں ہوتا ہے۔

درج بالا روایت کو سلم العلوی کی وجہ سے ضعیف کہا گیا ہے۔

25:"آپ ﷺ کا بغیر بستر کے چارپائی پر لیٹنا" کے تحت دو روایات (2775-2774) ذکر کی گئی ہیں۔

"عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَعِنْدَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَرَسُولُ اللَّهِ عَلَى السَرِيرِ بشَرِيطٍ لَيْسَ بَيْنَ جَنْبِ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ وَبَيْنَ الشَّرِيطِ شَيْءٌ، قَالَ: وَكَانَ أَرَقَّ النَّاسِ بَشَرَةً، ...الی آخرہ" (73)

مذکورہ روایت کا مفہوم یہ ہے کہ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ ہم رسول معظم ﷺ کے پاس حاضر تھے اور آپ ﷺ کے پاس سیدنا عمر بن الخطابؓ بھی تھے، رسول اللہ ﷺ جس چارپائی پر جلوہ افروز تھے اس پر کوئی کپڑا یا بستر نہیں تھا۔ اس چارپائی کی رسیاں آپ ﷺ کے بدن میں پیوست ہو گئیں، حضرت

عمرؓ نے جب یہ منظر دیکھا تو ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ آپ ﷺ نے حضرت عمرؓ کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا: اے عمرؓ! کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ ہمارے لیے آخرت اور ان کے لیے دنیا ہو؟ تو حضرت عمرؓ نے عرض کی: کیوں نہیں! یا رسول اللہ ﷺ! جی ہاں! میں اس پر خوش ہوں)

دوسری روایت (2775) بھی سیدی انسؓ سے مذکورہ روایت کے مفہوم کے ساتھ مروی ہے۔

ان روایات کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ ان روایات کی سند کے متعلق کہتے ہیں:

"رجال الصحیح غیر مبارک بن فضالة،وقد وثقه جماعة،وضعفه جماعة " (74)

اس روایت کی سند میں مبارک بن فضالہ کے علاوہ اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں، ایک جماعت نے اس کی توثیق کی ہے اور جماعت نے اس پر ضعیف کا حکم لگایا ہے۔

یہ روایت مبارک بن فضالہ کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار ہو گی۔

26: "رسول اکرم ﷺ کا عاجزی کا اظہار" کے تحت روایت (3380) ذکر کی گئی ہیں۔

"عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَكَّةَ اسْتَشْرَفَهُ النَّاسُ، فَوَضَعَ رَأْسَهُ عَلَى رَحْلِهِ تَخَشُّعًا"(75)

مذکورہ روایت کے مطابق جب آپ ﷺ مکّہ میں داخل ہوئے تو بطورِ عاجزی اپنا سر اونٹنی کجاوے پر رکھ دیا۔

اس روایت کو علامہ ابن کثیرؒ نے "البدایۃ والنہایۃ" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کی سند میں راوی عبد اللہ بن ابو بکر مقدمی کے متعلق کہتے ہیں:

"وفی اسناده عبدالله بن ابی بکر المقدمی ، وهو ضعيف"(76)

اس روایت کی سند میں عبد اللہ بن ابو بکر مقدمی ضعیف ہے۔

درج بالا روایت عبد اللہ بن ابو بکر مقدمی کی وجہ سے ضعیف متصور ہو گی۔

27: "آپ ﷺ کا عاجزی کا اظہار" کے تحت روایت (7169) ذکر کی گئی ہیں۔

" عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ ...الیٰ آخره"(77)

(حضور نبی اکرم ﷺ کعبہ شریف کا طواف کر رہے تھے کہ آپ ﷺ کے نعلین شریف کا تسمہ ٹوٹ گیا۔ ایک آدمی نے اپنی جوتی کا تسمہ نکالا اور اسے نبی کریم ﷺ کی نعلین مبارک میں ڈال دیا۔ آپ ﷺ نے اس کو پھینک دیا اور فرمایا: یہ ترجیح ہے میں ترجیح کو پسند نہیں کرتا)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کی سند میں راوی عاصم بن عبید اللہ کے متعلق کہتے ہیں:

"وفيه: عاصم بن عبیدالله، وهو ضعيف " (78)

اس روایت کی سند میں عاصم بن عبید اللہ ضعیف ہے۔

یہ روایت عاصم بن عبید اللہ کے ضُعف کی وجہ سے ضعیف متصور ہو گی۔

28: "حضرت حاطب کا خط اور معافی" کے تحت روایت (393) ذکر کی گئی ہیں۔

"عَنْ عَلِي، قَالَ: لَمَّا أَرَادَ رَسُولُ اللَّهِﷺ مَكَّةَ، أَرْسَلَ إِلَى أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، أَنَّهُ يُرِيدُ مَكَّةَ، فِيهِمْ حَاطِبُ بْنُ أَبِي بَلْتَعَةَ، وَفَشَا فِي النَّاسِ أَنَّهُ يُرِيدُ حُنَيْنًا قَالَ: فَكَتَبَ حَاطِبٌ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِﷺ يُرِيدُكُمْ ، قَالَ: فَأُخْبِرَ رَسُولُ اللَّهِﷺ ، قَالَ: فَبَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِﷺ أَنَا وَأَبَا مَرْثَدٍ... (79)

مذکورہ روایت کا مفہوم یہ ہے حضرت علیؓ سے روایت ہے: رسول محتشم ﷺ نے جب مکّہ فتح کرنے کا ارادہ کیا تو حاطب ابن ابی بلتعہؓ نے اہلِ مکّہ کو رسول اللہ ﷺ کے ارادہ کے متعلق (خط) لکھا، رسول اکرم ﷺ کو جب اس امر کی اطلاع ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے (وہ خط لینے کے لیے) مجھے اور ابو مرثد کو بھیجا۔

اس روایت کی سند کے متعلق علامہ ہیثمیؒ کہتے ہیں:

" رواہ ابو یعلیٰ وفیه الحارث الاعور، وھو ضعیف " (80)

ابو یعلیٰؒ نے اس کو الحارث الاعور سے روایت کیا ہے اور وہ ضعیف ہے۔

اس روایت کو راوی حارث کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار کیا گیا ہے۔

29: "حضور ﷺ کا حجۃ الوداع کے موقع پر سود کو حرام قرار دینا" کے تحت روایت (1566) ذکر کی گئی ہیں۔

" عَنْ أَبِي حَرَّةَ الرَّقَاشِي، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: كُنْتُ آخِذًا بِزِمَامِ نَاقَةِ رَسُولِ اللَّهِﷺ فِي أَوْسَطِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ...الیٰ آخره" (81)

مذکورہ روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ہر قسم کے سود سے منع کر دیا اور سود کے خاتمے کا آغاز حضرت عباس بن عبد المطلبؓ کے سود سے کیا۔ ارشاد فرمایا: تمہارے لیے تمہارے اموال کے حصوں سے اصل زر ہے۔

اس روایت کی سند میں راوی علی بن زید کے متعلق علامہ ہیثمیؒ کہتے ہیں:

" فیه علی بن زید، وھو ضعیف وقد وثق وابو جرۃ وثقة ابو داؤد وضعفه ابن معین " (82)

اس (روایت) کی سند میں علی بن زید ضعیف ہے۔ ابو جرہ اور ابو داؤد نے اس کی توثیق کی ہے، جب کہ ابن معین نے ضعیف کہا ہے۔

یہ روایت علی بن زید کی وجہ سے ضعیف شمار ہو گی۔

30: "آپ ﷺ کا حجۃ الوداع کے موقع پر اونٹنی پر سوار ہو کر خطبہ دینا" کے تحت روایت (2108) ذکر کی گئی ہے۔

" عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، سَمِعْتُ النَّبِيَّﷺ يَوْمَ النَّحْرِ عَلَى رَاحِلَتِهِ" (83)

(جنابِ ابو بکرہؓ سے مروی ہے: میں نے رسالت مآب ﷺ کو نحر کے دن سواری پر (خطبہ دیتے ہوئے) سنا)

اس روایت کی سند کے متعلق علامہ اثری کہتے ہیں:

" فی اسنادہ اشعث بن سوار وھو ضعیف" (84)

اس (روایت) کی سند میں اشعث بن سوار ضعیف ہے۔

مذکورہ روایت اشعث بن سوار کی وجہ سے درجہ ضعف میں شمار کی گئی ہے۔

31: "حضور ﷺ کا حجۃ الوداع میں تلبیہ کے الفاظ" کے تحت روایت (2760) ذکر کی گئی ہے۔

”عَنْ أَنَسٍ،أَنَّ اَن النبیﷺ کَانَ يُلَبِّي:لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ“(85)

مذکورہ روایت میں رسول اکرم ﷺ کے تلبیہ کے الفاظ کا ذکر ہوا ہے۔

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے ”مجمع الزوائد“ میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کی سند میں راوی اسماعیل بن ابراہیم کے متعلق کہتے ہیں:

”رواہ ابو یعلیٰ من روایة عبداللہ بن نمیر عن اسماعیل ولم ینسبه فان کان ابن ابی خالد فھو من رجال الصحیح وان کان اسماعیل بن ابراهیم بن مہاجر وھو ضعیف وکلاھما رُوی عنه“(86)

(اس روایت کی سند میں)اسماعیل ابن ابراہیم ابن مہاجر ضعیف ہے۔

اس روایت کو اسماعیل بن ابراہیم کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار کیا گیا ہے۔

32:”آپ ﷺ کے حجۃ الوداع کے موقع پر تلبیہ کے الفاظ“ کے تحت روایت(5666) ذکر کی گئی ہیں۔

"فحدثنا عن ابن عمر ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِﷺ کَانَ اذا لبّیٰ قال... قَالَ ابْنُ عُمَرَ، وَزِيدَ : لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءِ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ"(87)

مذکورہ روایت میں حضور ﷺ کے تلبیہ کے الفاظ کا ذکر کرنے کے بعد حضرت ابن عمرؓ کے زائد الفاظ کا اضافہ بھی نقل کیا گیا ہے:”لبيك لبيك ،لبيك وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءِ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ “

اس روایت کی سند میں راوی صالح بن بشیر المری کے متعلق علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں:

” صالح بن بشير وادع المری بضم المیم وتشدید الراء ابو البشیر البصری القاص الزاهد ضعیف من السابعة مات سنة اثنین وسبعین وقیل بعدها “ (88)

اس روایت کی سند میں صالح بن بشیر وادع المری ہے، اسے ابو البشیر البصری بھی کہا جاتا ہے یہ قصہ گو، زاہد، ضعیف ہے۔ یہ ساتویں طبقہ میں سے ہے۔ اس کی وفات بہتّر(72ھ) میں ہوئی، اور بعض نے اس کے بعد کا قول کہا ہے۔

یہ روایت صالح بن بشیر المری کے ضُعف کی وجہ سے ضعیف متصور ہو گی۔

33:”آپ ﷺ کے حجۃ الوداع میں ”تلبیہ کے الفاظ“ کے تحت روایت(3550) ذکر کی گئی ہیں۔

”عن أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِﷺ کَانَ يُلَبِّي: لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ“(89)

درج بالا روایت میں نبی رحمت ﷺ کے تلبیہ کے الفاظ کا ذکر ہوا ہے۔

اس روایت کی سند میں راوی اسماعیل بن مسلم مکّی کے متعلق علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں:

”وفی اسناده ، اسماعیل بن مسلم المكی ابو اسحٰق کان من البصرة ثم سكن مكّة وکان فقيها ضعیف الحديث من الخامسة “ (90)

اس روایت کی سند میں اسماعیل بن مسلم المکی، اس کا نام ابو اسحاق ہے، یہ اہل بصرہ سے تھا بعد میں مکّہ سکونت اختیار کی، یہ فقیہ تو ہیں لیکن حدیث میں ضعیف ہیں، اور رواۃ کے پانچویں طبقے میں سے ہیں۔

یہ روایت اسماعیل بن مسلم المکّی کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار کیا گیا ہے۔

34:"حضور ﷺ کے حجۃ الوداع میں حج وعمرہ اکٹھا کرنا" کے تحت روایت (5039) ذکر کی گئی ہیں۔

"عن ابن مسعود انہ تمتع مع النبیﷺ متعتہ الحج "(91)

(سیدنا ابن مسعودؓ سے روایت ہے: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حجِ تمتع کیا)

اس روایت کی سند میں راوی زمعہ بن صالح الجندی کے متعلق علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں:

"زمعه بن صالح الجندی بفتح الجیم والنون الیمانی نزیل مکّة ابو وهب ضعیف وحدیثه عند مسلم مقرون من السادسة " (92)

(اس روایت کی سند میں) زمعہ بن صالح الجندی ہیں، ان کا نام ابو وہب ہے، یہ ضعیف ہیں، امام مسلمؒ کے نزدیک یہ مقرون ہیں، اور رواۃ کے چھٹے طبقہ میں سے ہیں۔

اس روایت کو زمعہ بن صالح کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار کیا گیا ہے۔

35:"آپ ﷺ کا حجۃ الوداع میں رکن یمانی کا بوسہ لینا" کے تحت روایت (2598) ذکر کی گئی ہیں۔

"كَانَ رَسُولُ اللهِﷺ يُقَبِّلُ الرُّكْنَ الْيَمَانِي : وَيَضَعُ خَدَّهُ عَلَيْهِ" (93)

(سیدی ابن عباسؓ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ رکن یمانی کا بوسہ لیتے اور اس پر اپنا رخسار مبارک رکھتے)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے "مجمع الزوائد" میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس کی سند میں راوی عبد اللہ بن مسلم کے متعلق کہتے ہیں:

"و فیه عبدالله بن مسلم بن هرمز وهو ضعیف " (94)

اس روایت کی سند میں عبد اللہ بن مسلم بن ہرمز ضعیف ہے۔

اس روایت کی سند میں عبد اللہ بن مسلم بن ہرمز کے ضُعف کی وجہ سے روایت ضعیف شمار ہو گی۔

36:"نبی اکرم ﷺ کی اپنے وصال کے وقت عمر مبارک 65 سال" کے تحت روایت (2408) ذکر کی گئی ہیں۔

"عن ابن عباس قال:قُبِضَ النَّبِيّﷺ تُوُفِّيَ وَهُوَابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّينَ"(95)

(حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کا وصال 65 سال کی عمر میں ہوا)

اس روایت کو سیدی احمدؒ بن حنبل نے اپنی "مسند" میں بھی نقل کیا ہے۔(96)

اس کی سند کے متعلق علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں:

"وفی اسناده علی بن زید وهو ضعیف " (97)

اس روایت کی سند میں علی بن زید ضعیف ہے۔

آپ راوی کے ضعیف ہونے کی وجہ کے متعلق رقم طراز ہیں:

”وهو المعروف بعلى بن زيد بن جدعان ينسب ابوه الى جدّ جدّه ضعيف من الرابعة مات سنة احدىٰ وثلثين وقيل قبلها “(98)

یہ علی بن زید بن جدعان سے معروف ہے، اس کے باپ کی نسبت اس کے دادا کے دادا کی طرف کی جاتی ہے، یہ ضعیف ہے، رواۃ کے چوتھے طبقہ سے تعلق رکھتا ہے، اس کی وفات 31ھ میں ہوئی، اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے پہلے ہوئی۔

یہ روایت علی بن زید بن جدعان کے ضُعف کی وجہ سے درجہ ضعیف میں شمار ہو گی۔

37: ”آپ ﷺ کا بوقتِ وصال صبر کی تلقین کرنا“ کے متعلق روایت (3376) ذکر کی گئی ہیں۔

"أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فِي مَرَضِهِ الَّذِى مَاتَ فِيهِ ، فَقَالَ لِي: أَقْرِىءُ قَوْمَكَ مني السَّلَامَ، وَأَخْبِرُهُمْ أَنَّهُمْ ۔ مَا عَلِمْتُ ۔ أعفة صبر"(99)

(حضرت ابو طلحہؓ سے مروی ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں اس بیماری کی حالت میں آئے جس میں آپ ﷺ نے وصال کیا، آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: اپنی قوم کو سلام کہنا! ان کو بتانا کہ میں صبر سے بڑھ کر کسی چیز کو (بہتر) نہیں جانتا)

اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے ”مجمع الزوائد“ میں بھی نقل کیا ہے، آپ اس روایت کی سند میں راوی محمد بن ثابت البنانی کے متعلق کہتے ہیں:

”وفيه محمد بن ثابت البنانى وهو ضعيف “(100)

اس روایت کی سند میں محمد بن ثابت ضعیف ہے۔

مرسل روایات:

”مرسل“ روایت وہ ہے جس کی سند کے آخری حصہ یعنی تابعی کے بعد انقطاع ہو اور راوی محذوف ہو۔ علامہ سیوطیؒ کہتے ہیں:

”اتفق علماء الطوائف على ان قول التابعى الكبير : قال رسول الله ﷺ كذا ، او فعله ، يسمى مرسلاً “(101)

